منشورِ محمدی

۱۳۰۶ھ

بنگلور

منشور رسولان ہم محتاج بخاتم
باخلاتم و مہر آمدہ منشور محمدؐ

تو ریت بلا توریہ انجیل بتحریف
گویان صفت و سیر ستمبر و محمدؐ

نمبر ۱۹ | مطبوعہ ۵ رجب المرجب سنہ ۱۳۰۶ ہجری | جلد ۱۸

اشتہاریہ اخبار منشور محمدی بمقام ترویہ مذہب عیسوی چھپتا ہی قیمت سالانہ بحساب ۵ روپیہ بذریعہ منی آرڈر بنام مہتمم آنی چاہئے فقط

قبول اسلام

(اجمیر مین)

ہفتہ گذشتہ مین جناب مولوی سید جمال علی صاحب نارنولی نے چھ ہندؤن کو شرف اسلام سے مشرف کیا ان مین سے دو عورتین اور چار مرد ہین منجملہ ان کے ایک برہمن جس کی عمر ۵۵ سال کی ہے کئی روز تک مولوی صاحب موصوف سے دینی مباحثہ کرتا رہا مگر آخرش حق کا بول بالا رہا اپنے کفر سے توبہ کرکے مسلمان ہوگیا۔

(پشاور مین)

جنگیب آباد کے ریورند کی لڑکی مشرف باسلام ہوئی۔

سوت گجرات سے

(ڈاکہ مین)

ایک برہمن ڈاکہ مین شرف اسلام سے مشرف ہوا۔

راست گفتار۔

سوانح دین اسلام حضرت مولوی محمد شریف صاحب زاد اللہ حمایۃ۔

سلام علیکم وقلبی لدیکم قبل ازین مضمون ترقی اسلام محمدن مشتہر بخدمت عالی مین روانہ کرچکا ہون یقین ہے کہ مع اپنی رائے کے طبع کیا ہوگا بالفعل ایک فہرست نومسلمون کی مع ایک مضمون "راجپوتانہ مسلمانون کی فہرست" جو میری گشت و اعظانہ مین صرف ایک حصہ ملک ہندوستان مین دریافت ہوئی ہین ابلاغ خدمت گرامی کرتا ہون اگر اور بزرگ مسلمان گشتا و اعظانہ یا مہتمان اخبارات اسلام ہی کوشش کرین اور اپنی احاطہ کی فہرست اقوام نومسلم کی طبع کرکے شائع کرین تو امید ہے کہ بہت جلد پوری وقیعت ترقی اسلام اور سبب شیوع اسلام سے حامیان اسلام کو آگاہی حاصل ہو اور اس سے ایسے وسایل ہتھ آئین ہون کہ جس سے دوسری سبیلین ازدیاد اسلام کی دستیاب ہوجاوین۔ وما توفیقی الا باللہ العلی العظیم۔

العبد مولوی محمد ابو المکارم بقا حسین شاہ نظامی الغزنی۔

سوانح دین اسلام حضرت مولوی محمد شریف صاحب زاد اللہ حمایۃ۔

لہ یہ مضمون قریب طبع ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فہرست نومسلمان آبورڈ سٹیشن

شمار	کفری نام	اسلامی نام	کیفیت
۱	بدھو	کریما	حسین بخش فیرمین سے نکاح ہوا۔
۲	نمبر ۲	مریم	عیسائی عورت حافظ عبدالرحمان نے کلمہ تلقین کیا اور اسماعیل فیرمین سے نکاح ہوا۔
۳	گنگا	لطیفا	زوجہ وزیر بیگ فیرمین۔
۴	مرتن	فضیا	لال خان خانساماں سے نکاح ہوا۔
۵	نتھو	دین محمد	
۶	پیما	دین محمد	حافظ عبدالرحمان پیش امام
۷	بہتہ	فقیر محمد	جامع مسجد نے کلمہ تلقین کیا۔
۸	خوشحال	دین محمد	
۹	رجو	بی بن	چاندخان سپاہی سے نکاح ہوا
۱۰	مری	امینہ	منشی امام الدین صاحب پوسٹماسٹر ابورڈ سٹیشن سے نکاح ہوا۔
۱۱	رتن	سارہ	فقیر محمد شمنو سے نکاح ہوا۔
۱۲	چمپا	اللہ رکھی	وزیر بخش فیرمین سے نکاح ہوا۔
۱۳	منجھی	سارا	لال محمد خانساماں سے نکاح ہوا۔
۱۴	گوندی	رحیما	کریم بخش فیرمین سے نکاح ہوا۔
۱۵	سوکھی	عمدہ	روشن سپاہی سے نکاح ہوا۔
۱۶	پیاسنگھ	دین محمد	
۱۷	آغو	کریما	
۱۸	راما	دین محمد	سمیت زوجہ و دو پسران مسلمان ہوا اور حافظ عبدالرحمان نے کلمہ تلقین کیا۔
۱۹	جیونی	امینہ	علی بخش فیرمی سے بیاہ ہوا۔

شمار	کفری نام	اسلامی نام	بنیت
۲۰	ایک کایتہ	منشی دین محمد	
۲۱	تنبولی	کریم بخش	
۲۲	ننھے	منشی بشیر الدین	سررشتہ دار میجسٹریتی کراری علاقہ راج سرداری۔
۲۳	جگناتھ	دین محمد خانساماں	

ہندوستان مین اقوام راجپوت جو مسلمان ہوگئے ہین اور اسنے اکثر بڑی ضلع پرلمین میرٹھ گشت جہان تک ہوسکا ہے اور ان سے بعض رسمیات جاہلیت ترک کرائی ہین اور خداوند تعالی کے فضل سے اب انمین ایک تعداد غیرت دار مسلمانون کی قایم ہوگئی جو تمام قوم کو منتبع سنت کرلینگی۔

ضلع آگرہ میری دیکھی ہوی راجپوت مسلمان پرہار و ملکانہ قریب دو سو گانو کے اس قوم سے آباد ہین۔

علیگڈھ بلند شہر خورجہ قایم خانی لال خانی رانگھر ۳ اضلاع اور ضلع فرخ آباد یہ قوم زمیندار اور کاشت کار ہین اور اس قوم کے اکثر مغزز ہین نجم الہند بھی ہین مثل چہتاری پہاسو و ہرم پور دان پور سعد آباد پورہا گانو مینڈہو۔ وغیرہ تعلقہ دار اس قوم کے فخر اسلام اہل ہند ہین۔

میوات گڈی شنجاوت ایک حصہ ریاست جیپور اور بھرت پور کا اس قوم سے آباد ہے تعداد ان کی ۹ یا ۱۰ لاکھ کے ہوگی۔

راٹین ضلع پیلی بھیت جاگیردار اور تعلقہ دار ہین

تعداد ان کی ۳ لاکھ کے قریب ہوگی۔

ضلع اجمیر ملک میرواڑہ قوم میر میراوت چیتی ویس وال۔ تمام ضلع اجمیر اس قوم سے پر ہے اکثر زمیندار اور بعض معزز عہدون پر سرکاری مامور ہین۔

مارواڑ گہوپسے اور بڑ قصاب تمام ملک راجپوتانہ مین یہہ قوم گشتی شیرفروش ہے انکا بیان ہے کہ انکی نخاس کی دس کھیپ ہین ۵ کوہی مارواڑ ۵ کوہی مارووتی بدین تفصیل

کوہی مارووتی۔ ۱۔ اجمیر ۲ کوٹہ۔ ۳ پاتن۔ ۴ جاودہ۔ ۵ پرتاب گڈہ۔

کوہی مارواڑ۔ ۱ پالی۔ ۲ جودہپور۔ ۳ ناگور ۴ بیکانیر۔ ۵ میرتہہ۔

ابھی تک اپنے کو خط کے عنوان پر سولنکی چوہان تور پنوار سے ملقب کرتے ہین۔

گجرات مولیہ یا مولا اسلام مخفف مولف الاسلام گجرات کی اکثر اضلاع اس قوم کے معززین اور عوام سے معمور ہین مثل احمد آباد بھروچ سورت وغیرہ انکی عوام رانا اور امرا رانا کہلاتے ہین اور ان مین لاکہ لاکہ کے جاگیردار بھی ہین۔ باقی آیندہ۔

العبد محمد ابو المکارم بقا حسین شاہ نظامی الغزی۔

الہ آباد یونیورسٹی کے امتحان کے کتابون مین توہین مذہب اسلام

ایک اردو اخبار سے یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ الہ آباد یونیورسٹی نے ایک تواریخ کی کتاب انٹرنس کے امتحان کی کتابون مین جاری کیا ہے اور اوس کتاب کا نام "تواریخ بنانے سلطنت برطانیہ ملک ہندوستان" ہے تواریخ کے مصنف کا نام بوجہ اردو مین لکھے ہونے کے صحیح طور سے پتہ نہین گیا اس کتاب مین چند جملے اسلام اور بانی اسلام کی تضحیک اور مذمت مین لکھے ہوے ہین ہم یہان پر چند جملے اوس کتاب کے ایک اردو اخبار مہر نیمروز سے نقل کرتے ہین۔

(عبارت صفحہ ۴۸ ابتدا از سطر ۱۴)

"اکبر اگر مسلمان تھا تو یہ خیال کہ مسلمانی اور مسلمان اور غیر قوم پر یکسان انصاف کرنا جمع ہونا ممکن ہے یکلخت چھوڑ دینا چاہیے لیکن اسکا جواب بہت مختصر ہے کہ اکبر مسلمان نہین تھا۔"

(عبارت صفحہ ۵۰ از سطر ۴)

"یہ امر مسلم الثبوت ہے کہ ایسے آدمی ہین جو کہ مسلمان اور ظالم ہے اچھی عقل لیاقت اور رحمدلی بہت کم دیگنی ہے اور یہ بھی نہین دیکھا گیا کہ اوسنے اسپر عمل کیا ہو لیکن جو تجربہ کہ ہمین تواریخ بتاتی ہے وہ یہ ہے کہ آدمی جبتک اسلام کو ترک نہ کرے محمد کی خاص رسالت کا انکار نہ کرے اسکے شریعت کے احکامون کی کما حقہ جزوی کلیون مین سختی کے ساتھہ مخالفت نہ کرے ان خصلتون تک نہین پہونچ سکتا اکبر کی بردباری یہ ثابت کرتی ہے کہ مذہب اسلام بردبار نہین ہے اکبر کا بے طرفداری اور ثابت قدمی کے ساتھہ عدل کرنا یہ ثابت کرتا ہے کہ اسلام صرف اسلام کے جانے رہنے پر اپنی حالت درست کر سکتا ہے اور سوقت جبکہ کوئی مسلمان اپنے رستے پر جو کہ اکبر نے اپنے لئے اختیار کیا تھا چلتا ہے وہ اوس مذہب

ناشر بذا نور امر محصول بذریعہ ویلیو ایبل پکیٹ بک
کو واپس کرین قیمت دیگر راقم بلا تامل واپس کریگا۔

نشر بہ قیمت اور محصول ڈاک سے

حمایل شریف کاغذ کاغذی سفید بلا جلد للچہ
ایضاً بہ تیرنی و جلد دل صچہ
حمایل شریف کاغذ زرد بلا جلد للچہ
ایضاً بہ تیرنی و جلد دل صچہ

یہ حمایل شریف تین وضع پر لکھی گئی ہے (۱) متن سادہ بلا رنگ حنا (۲) متن حنائی (۳) بیاض مابین متن و حاشیہ حنائی۔ قیمت تینون وضع کی یکسان ہے۔ جلد اس حمائل شریف کو ماپرنی و لامیتی وضع کی سنہری و روپہلی بنائی جاتی ہے نفیس و مضبوط قابل دید ہے۔

العبد عبد الاحد۔ مہتمم طبع مجتبائی دہلی۔

اعلان

انجمن حمایت اسلام امرتسر کا سالانہ جلسہ
انشاء اللہ العزیز ۲۰ ۲۱ ۲۲ اپریل ۱۸۹۹ء یوم شنبہ و یکشنبہ
کو انعقاد پائیگا جس مین علماء کرام کے وعظ اور مسلمان
قوم کے لیکچر ہونگے لہذا عام اہل اسلام کی خدمت مین
التماس ہے کہ براہ ہمدردی اسلام اس جلسہ مین شریک
ہوکر داخل حسنات ہون۔ المشتہر
محمد عبد العزیز۔ سکریٹری۔ امرتسر کٹرہ گھنیان۔

معالجات قانون محمدی تا امراض تمام

یہ کتاب جو مستغنی عن الوصف والثنا ہے ابھی تک اقالیم
ہند مین نہین چھپی تھی بندے نے بہزار جانفشانی اسکو
چھپوایا اس حسن و خوبی کے سوا نہ شاید دو ایک کتابین

استشہار

کتب سلسلہ تعلیم اسلام۔ اسی سلسلہ سے چھ کتابین تیار ہوچکے
ہین اسلام کی پہلی دوسری تیسری چوتھی پانچوین چھٹی
کتاب کے نام سے موسوم ہین چونکہ مسائل صحیحہ عقاید اخلاق
و اعمال عبادات و معاملات وغیرہ پر جامع ہین رطب و
یابس ضد و تعصب سے بری ہین عبارت مین سہل نویسی
لہذا بچون کی دینی تعلیم کے لئے نہایت مفید ہین پس ہر
مسلمان کو لازم ہے کہ انکی اشاعت اور بچون کی تعلیم کے لئے
خرید فرمائین بلکہ مدارس اسلام مین ان کو جاری کرنیکی کوشش
کرین علاوہ محصول ہر شش جلد کتابین عہ مین بہ پتہ ذیل
ملسکتی ہین۔ لاہور طویلہ شاہ نواز مسجد چینیانوالی
مولوی رحیم بخش۔

حجاج	حجاج	حجاج

صاحبان طامس کوک اندسن ایجنٹ حاجیان
از طرف گورنمنٹ آف انڈیا یہ عام طور سے خبر دیتے ہین کہ
امسال ہمارے آگبوٹ سکی۔ واگی کی تاریخین حتی الامکان جہاز سے

مطبع ہر الاسلام بنگلور مین محمد شریف کے اہتمام سے چھپا۔